No. of Printed Pages : 7

**5005**

*Register Number* | | | | | | |

# Language — Part IV — URDU

Time Allowed : **3.00** Hours ]　　　　[ Maximum Marks : **100**

نوٹ : (1) صاف طباعت کے لئے پرچہ جانچ لیں۔ طباعت کی مشکل ہو تو امتحان ہال کے نگران کو اطلاع دیں۔

(2) سیاہ یا نیلی روشنائی کا استعمال لکھنے کے لئے کریں۔

## PART - I / حصہ اول

**(15 Marks)**

**15x1=15**

صحیح جوابات منتخب کیجئے۔

Choose the **correct** option.

1. دسویں صدی میں شمالی ہندوستان میں بولی جانے والی زبان کا نام ________ ہے۔

(الف) فارسی　　(ب) کھڑی بولی　　(ج) برج بھاشا

2. ________ میں خسرو کا کلام وجود میں آیا۔

(الف) 1220　　(ب) 1230　　(ج) 1240

3. طلبہ میں تعلیم سے بے توجہی کا دوسرا سبب ________ ہے۔

(الف) کاہلی اور سستی　　(ب) چُستی　　(ج) ضیاع وقت

4. تزوکرل میں ________ ابواب ہیں۔

(الف) 133　　(ب) 134　　(ج) 136

5. اس دل کی ہر خوشی پر ________ کا عیش قرباں

(الف) جنّت　　(ب) آرام　　(ج) دوزخ

[ Turn over

https://www.tamilnaduboard.com

.6 والدین اوراساتذہ کی نصیحتوں کو __________ میں لائیں۔

(الف) خاطر (ب) خیال (ج) لحاظ

جوڑ لگایئے :

Match the following :

| | (الف) | (ب) |
|---|---|---|
| .7 | اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر | سرسید احمد خان |
| .8 | کھڑی بولی | شاہ عبدالقادر دہلویؒ |
| .9 | قرآن کا پہلا بامحاورہ ترجمہ | محمد قلی قطب شاہ |
| .10 | جدید اردو نثر کے بانی | ہندوستانی |
| | | مولانا الطاف حسین حالی |
| | | علامہ اقبال |

مختصر جواب لکھئے :

Write briefly :

.11 اسم کسے کہتے ہیں ؟

.12 بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

.13 ''مرد'' کا مونث لکھئے۔

.14 'جیسی کرنی ویسی بھرنی' کی وضاحت کریں۔

.15 ''باغ باغ ہونا'' ۔محاورہ کا مطلب کیا ہے ؟

https://www.tamilnaduboard.com

## PART - II / حصہ دوم

**(18 Marks)**

### SECTION - 1

**4x2=8** ذیل کے سوالات میں سے صرف **چار** کے جوابات لکھئے۔

Answer **any four** questions :

16. کہاں کہاں خدا کی تجلیات کا ظہور ہوتا ہے ؟

17. شاعر کا دل کس بات کی گواہی دیتا ہے ؟

18. اردو زبان کس کی پہلی پسند ہے ؟

19. ہندوستان کی رونقیں کس کی وجہ سے باقی ہیں ؟

20. شاعر مومنؔ محبوب کو کب ستا نہیں پاتے تھے ؟

21. دشمنوں میں مروت نام کی کوئی چیز کیوں نہیں پائی جاتی ؟

### SECTION - 2

ذیل کے سوالوں میں کسی **پانچ** کے جوابات لکھئے :

**5x2=10** Answer **any five** questions from those given below :

22. اردو زبان پر سب سے زیادہ کس طبقہ کا احسان ہے ؟

23. دکنی اردو ادب کن دو مرکزوں میں نشو نما پائی ؟

24. تساہل سے کیا مراد ہے ؟

25. والدین اور اساتذہ طلبہ کے حق میں کیا ثابت ہوئے ہیں ؟

26. کثافت میاں نے کن دو بہنوں کو خاص کر آلودہ کیا ہے ؟

27. کثافت میاں کہاں کہاں گندگی پھیلا رہے ہیں ؟

28. تمل ادب میں لکھی گئی پہلی تصنیف کا نام لکھئے۔

[ Turn over

https://www.tamilnaduboard.com

## PART - III / حصہ سوم

**(18 Marks)**

### SECTION - 1

2x3=6

ذیل کے اشعار میں سے کسی دو کی تشریح بحوالہ متن کیجئے :

Explain any **two** couplets with reference to the context.

29. سرسبز جھاڑیوں میں، گل پوش وادیوں میں
ہر سو تری تجلی، ہر جا ظہور تیرا

30. تیری تجلیوں کا مرکز بنا ہوا ہے
دِل کو نہ کیوں کہوں میں گلزار نور تیرا

31. دل کا لہو پلا کر پالا ہے ہم نے اس کو
سانچے میں دوستی کے ڈھالا ہے ہم نے اس کو

### SECTION - 2

2x3=6

ذیل کے سوالات میں صرف دو کے جواب لکھئے۔

Write **any two** Questions.

32. زمین نے کن چیزوں کو کثافت کا سبب بتایا ہے ؟

33. اردو زبان کے تعلق سے شاعر کے ہونٹوں پر کیا دعائیں آتی ہیں ؟

34. (a) ترو کرل تمل ادب کا اخلاقی کارنامہ ہے۔ وضاحت کیجئے۔

**یا**

(b) علم کا حصول کیوں لازم ہے ؟ تفصیل سے وضاحت کیجئے۔

https://www.tamilnaduboard.com

## SECTION - 3

2x3=6

درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کے جواب مطلوب ہیں۔

Answer **any two** of the following questions.

35. اسم خاص کی پانچ قسمیں مثالوں کے ساتھ لکھیں۔

36. علامتِ فاعل ''نے'' کے تین قاعدے بیان کیجئے۔

37. بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی قسمیں لکھئے۔

## PART - IV / حصہ چہارم

**(25 Marks)**

5x5=25

کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے :

Write summary of **any one** Poem.

38. (a) حافظ باقوی کی نظم ''حمد'' کا خلاصہ لکھئے۔

یا

(b) چاندنی رات کا ایک منظر

ذیل کے اشعار اپنی یادداشت سے اس طرح لکھیں کہ ترتیب بدلنے نہ پائے :

39. (a) پھولوں میں .......... سے .......... گلزارِ نورتیرا (تک)

یا

(b) غفلت کی ہنسی .......... سے .......... مرنا اچھا (تک)

40. درج ذیل نظم غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالوں کے جوابات لکھیں :

عدم میں رہتے تو شاد رہتے اسے بھی فکرِ ستم نہ ہوتا
جو ہم نہ ہوتے تو دل نہ ہوتا جو دل نہ ہوتا تو غم نہ ہوتا
پڑا ہے مرنا بس اب تو ہم کو جو اس نے خط پڑھ کے نامہ بر سے
کہا کہ گر سچ یہ حال ہوتا تو دفتر اتنا رقم نہ ہوتا



https://www.tamilnaduboard.com

وصال کو ہم ترس رہے تھے جواب ہوا تو مزا نہ پایا
عدو کے مرنے کی جب خوشی تھی کہ اس کو رنج و الم نہ ہوتا
جہاں تنگ و ہجوم وحشت  غرض کہ دم پر بری بنی تھی
کہاں میں جاتا نہ جی ٹھہرتا کہیں جو دشتِ عدم نہ ہوتا
مگر رقیبوں نے سر اٹھایا کہ یہ نہ ہوتا تو بے مروت
نظر سے ظاہر حیا نہ ہوتی، حیا سے گردن میں خم نہ ہوتا
وصال تو ہے کہاں میسر مگر خیالِ وصال ہی میں
مزے اُڑاتے ہوس نکلتی جو ساتھ انداز رم نہ ہوتا
ہوا مسلمان میں اور ڈر سے نہ درسِ واعظ کو سن کے مومن
بنی تھی دوزخ بلا سے بنتی عذابِ ہجر صنم نہ ہوتا

سوالات :

(1) شاعر محبوب کو کب ستا نہیں پاتا تھا ؟

(2) شاعر نے نامہ بر کے ذریعہ اپنے محبوب کو کیا بھیجا ؟

(3) محبوب سے ملنے پر شاعر کو خوشی کیوں نہ ہوئی ؟

(4) دشمنوں میں مروت نام کی کوئی چیز کیوں نہیں پائی جاتی ؟

(5) مقطع میں شاعر کیا کہتا ہے ؟

**41.** ذیل کی انگریزی عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

(Translate into Urdu) :

The important need of a healthy life are fresh air and clean water. To get these we must keep our surroundings clean. If every one keeps his house clean it will lead to a cleaner world.

**42.** ذیل میں سے کوئی ایک خط تحریر کیجئے :

(a) ہیڈ ماسٹر یا صدر مدرس کے نام اپنی علالت کا سبب ذکر کرتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کرنے کی درخواست لکھئے۔

یا

(b) کتب فروش کے نام خط لکھئے جس میں کچھ عدد کتابیں بھیجنے کی درخواست کی گئی ہو۔

https://www.tamilnaduboard.com

## PART - V / حصہ پنجم

**(24 Marks)**

**3x8=24**

**43.** ذیل کے کسی ایک سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے :

Write summary of **any one** lesson.

(a) اردو زبان کا آغاز وارتقاء پر سیر حاصل بحث کیجئے۔

**یا**

(b) تروکرل ٹمل ادب کا اخلاقی کارنامہ پر وضاحت کیجئے۔

**44.** ذیل میں دی گئی نان ڈیٹیل کے حصے سے کسی ایک کا خلاصہ تحریر کریں :

(a) گزرا ہوا زمانہ

**یا**

(b) دلوں کے داغ چھپاؤ

**45.** درج ذیل عناوین پر کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں :

(a) ہمارا مدرسہ

**یا**

(b) والدین کی اطاعت وفرماں برداری

- o O o -

https://www.tamilnaduboard.com